معمولات

ڈاکٹر عبدالخالق

ایم بی بی ایس

مکتبہ دارالاصلاح بھائی پھیرو ضلع قصور

0333-4749291 رہائش 049-4510341 کلینک 049-4510325

نام کتاب: معمولات

مؤلف: ڈاکٹر عبدالخالق (ایم بی بی ایس)

ناشر: عبداللہ شکیل

0300-4498958

مکتبہ دارالاصلاح بھائی پھیرو

کمپوزنگ: عقیل خان

طبع اول: 2004

طبع دوم: 2006

تعداد: 2000

مطبع: میٹرو پرنٹرز لاہور

قیمت: 10روپے

ملنے کا پتہ

مکتبہ دارالاصلاح بھائی پھیرو ضلع قصور

فون: 0333-4749291، 049-4510325

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

معمولات ذکر

درج ذیل معمولات کی دارالاصلاح کے شاگردوں کوتعلیم دی گئی ،اب انہیں عوام الناس کے فائدے کے لیے شائع کیا جار ہا ہے۔ یہ معمولات فرض نہیں ہیں،ہم نے بزرگوں سے سیکھے ہیں اوران کی افادیت کا ذاتی تجربہ کیا ہے۔اگرکوئی استقامت سے ان ہدایات پرعمل کرے گا تووہ دائم ذکرکرنے والے رطب اللسان لوگوں کی فہرست میں داخل ہوکراللہ کا قرب حاصل کرے گا۔ ان شاء اللہ

تلاوت قرآن

☆سورة یٰسین	بعدازنمازفجر
☆سورة حم السجدہ	بعدازنمازظہر
☆سورة الفتح	بعدازنمازعصر
☆سورة الواقعہ	بعدازنمازمغرب
☆سورة الملک	بعدازنمازعشا
☆سورة المزمل	بعدازنمازتہجد
☆سورة الکہف	ہر جمعہ کے دن

تفہیم القرآن

☆سیدابوالاعلیٰ مودودیؒ کی تفسیر ''تفہیم القرآن'' کاایک رکوع روزانہ

مطالعہ

☆ ایک حدیث روزانہ

☆ سیرت النبی ﷺ کا ایک مضمون روزانہ

(اس کے لیے ''رحمۃ للعالمین''، ''سیرت سرورِ عالم''، ''محسنِ انسانیت'' اور ''رحیق المختوم'' کا مطالعہ مفید ہوگا)

☆ دیگر دینی لٹریچر میں سے حسبِ فراغت مطالعہ

☆ دینی شعور پیدا کرنے والے نیک شعراء کے چند اشعار

درود شریف

☆اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ! محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی آل پر درود بھیج، جس طرح تو نے ابراہیم ؑ اور ابراہیم ؑ کی آل پر درود بھیجا۔ بے شک تو حمد اور اعلیٰ درجات والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (بعد از نماز عشا)

اے اللہ! محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی آل پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم ؑ اور ابراہیم ؑ کی آل پر برکت نازل کی۔ بے شک تو حمد اور اعلیٰ درجات والا ہے

☆اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ (بعد از نماز فجر)

اے اللہ! ہمارے سردار اور آقا محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار اور آقا محمد ﷺ کی آل پر کل کائنات کے ذروں کی دس کروڑ گنا تعداد کی مقدار کے برابر درود بھیج۔

☆صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ (بعد از نماز مغرب)

اللہ کی طرف سے درود پہنچے اس کے حبیب محمد ﷺ پر اور ان کی آل اور صحابہ رضی اللہ عنہم پر اور ان سب پر سلامتی نازل ہو۔

ہر درود شریف کم ازکم گیارہ دفعہ روزانہ پڑھنا چاہیے۔ اگر بڑھانا چاہیں تو روزانہ آہستہ آہستہ بڑھائیں اور جو نبھ سکے وہ روزانہ کا معمول بنالیں۔ روزانہ پڑھنا مفید ہے۔ ناغے سے نقصان ہوتا ہے۔ رات کی تنہائی اور صبح کی خاموشی اس ذکر کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

پناہ اور استعاذہ

☆اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ .	میں شیطان مردود کے مقابلے میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔
☆ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَاِلَّا بِاللّٰہِ لَامَلْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ. (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ/الترمذی)	اقتدار اور قوت اللہ کے سوا کسی کے پاس بھی نہیں ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی پناہ گاہ نہیں ہے۔
☆اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعِجزِ وَالْکَسْلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ (انس رضی اللہ عنہ/متفق علیہ)	اے اللہ! میں اپنے آپ کو تیری پناہ میں دیتا ہوں، پریشانی سے اور غم سے اور درماندگی سے اور سستی سے اور بزدلی اور کنجوسی سے اور قرضہ کے بوجھ سے اور آدمیوں کے غلبہ پانے سے۔
☆ اَعُوْذُبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرُوْرِ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ	میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ اپنی جان کی شرور اور اس کی تمام مخلوقات کے شر سے۔
☆اَللّٰھُمَّ اِنَّانَجعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ . (ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ/مسند احمد)	اے اللہ! تو ہمارے دشمنوں کے سینوں میں اپنا اثر ڈال کہ وہ ہم پر زیادتی نہ کرسکیں اور ان کے شرور سے ہمیں پناہ دے۔
☆اَعُوْذُ بِعِزَّۃِاللّٰہِ وَ قُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّمَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ. (عثمان رضی اللہ عنہ بن ابوالعاص/مسلم)	میں اللہ کے غلبے اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس شر سے جو میں پاتا ہوں یا جسے ملنے کا مجھے خطرہ ہے۔

☆اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ النِّسَاءِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَحْیَاءِ وَ مَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰیءِ وَالْفَقْرِ وَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَالِ وَ مِنْ اَرْزَلِ الْعُمُرِ .

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں عورتوں کے فتنے کے شر سے، زندگی اور موت کے فتنے کے شر سے، امیری اور غریبی کے فتنے کے شر سے، مسیح دجال کے فتنے کے شر سے اور ضعیف العمری سے۔

ذکرِ دائمی

☆سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ

اللہ کی پاکیزگی بیان کی جاتی ہے اس کی تعریف کے ساتھ۔ اللہ جو بہت بڑا ہے ہر کمزوری نقص اور عیب سے پاک ہے۔

☆ اَللّٰهُ ؕ (اسم ذات۔اسم اعظم)

☆ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ ؕ (افضل الذکر) بعد از نماز مغرب یا جب فارغ ہوں۔

☆ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ؕ (بعد از نماز فجر)

☆ ہر وہ جملہ دائم ذکر بن سکتا ہے جس میں اسم ذات یا اسم صفات شامل ہو۔

ہر فرض نماز کے بعد ذکر

☆ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ؕ (۱دفعہ)

☆ اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ ؕ (۳دفعہ)

☆اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ ؕ (۲۵دفعہ)

اپنے ربّ سے میں ہر گناہ کی معافی کا طلب گار ہوں اور اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

☆اَللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَااَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَایَنْفَعُ ذَالْجَدِّ

اے اللہ! تو جو کچھ دینا چاہے اسے روکنے والی کوئی طاقت نہیں اور جس سے تو محروم کرنا چاہے

مِنْکَ الْجَدُّ. (ابار) تو وہ چیز دینے والی کوئی طاقت نہیں اور تیرے مقابلے میں کسی صاحب قدرت کی قدرت کسی کام نہیں آسکتی۔
(مغیرہ بن شعبہ/متفق علیہ)

☆رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ . اے میرے ربّ! تو میری مدد فرما، ذکر کے سلسلہ میں، شکر کے سلسلہ میں اور تیری اچھی عبادت کے سلسلہ میں۔
(معاذ رضی اللہ عنہ بن جبل/نسائی)

☆ سُبْحَانَ اللّٰہِ ط (۳۳ دفعہ)

☆ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ط (۳۳ دفعہ)

☆ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط (۳۴ دفعہ)

☆ آیۃُ الکرسی (۱ دفعہ)

☆لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط (۱۱دفعہ) اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے۔ اقتدار میں اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام شکر یے ہیں۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔
(مغیرہ رضی اللہ عنہ بن شعبہ/متفق علیہ)

☆ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ (ق۵۰:۲۲) پس آج (قیامت کے دن) ہم نے تیری آنکھوں سے پردہ ہٹا دیا ہے اور تیری نظر بہت تیز ہوگئی ہے۔
(تین دفعہ پڑھ کر آنکھ کو دم کرلیں)

فرض نماز پڑھ کر سکون سے بیٹھیں۔ یہ کلمات طیبات پڑھ کر دعا کریں اور پھر باقی سنتیں ادا کر کے فارغ ہوجائیں۔ اگر کوئی جلدی کام ہو تو سنتیں پڑھ کر بھی یہ کلمات پڑھے جاسکتے ہیں لیکن اجر کم ہوجائے گا۔

پاس انفاس

☆ لَاالٰہَ سانس باہر نکالتے وقت۔

☆ اِلَّااللّٰہُ سانس اندر لے جاتے وقت۔

سونے سے پہلے

☆ باوضو سوئیں۔

☆ چاروں قل پڑھ کر سارے جسم پر دم کریں۔ (۳ بار)

☆ آیت الکرسی (۱ بار)

☆ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ ط اے اللہ! میں تیرے نام کے ساتھ مرتا ہوں اور تیرے ہی نام سے زندہ ہوں گا۔ (حذیفہ رضی اللہ عنہ/ بخاری)

استغفار

☆ فرض نماز کے بعد استغفار کا ذکر پیچھے ہو چکا ہے۔

☆ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ط اے اللہ! تو پاک ہے اور تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اور تیری طرف پلٹتا ہوں۔ (عائشہؓ/ مسند احمد)

☆ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اے اللہ ! تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ، بے شک میں ہی ظالموں میں سے ہوں۔ (الانبیاء۲۱:۸۷)

☆ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ . اے اللہ! تو درگزر کرنیوالا ہے اور معاف کرنے کو پسند کرتا ہے۔ پس مجھ سے درگزر فرما۔ (عائشہؓ/ ترمذی)

☆ یَاغَفُوْرُ اے معاف کر دینے والے۔

☆ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ (آل عمران۳:۱۹۳)
اے ہمارے ربّ! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے۔

☆ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (المومنون۲۳:۱۱۸)
اے میرے ربّ! معاف کر اور رحم فرما تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

☆ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (آل عمران۳:۱۴۷)
اے ہمارے ربّ! ہماری غلطیاں معاف کر دے اور ہمارے کام میں تیری حدود سے جو تجاوز ہو گیا ہے اس سے درگزر فرما اور ہمارے قدم جما دے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

رضا

☆ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا ط (ثوبان رضی اللہ عنہ/مسند احمد)
میں اللہ کو اپنا ربّ مان کر اور اسلام کو اپنا دین مان کر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی مان کر راضی ہو گیا۔

توکل

☆ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ (الطلاق۶۵:۳)
اور جو کوئی اللہ پر بھروسا کرے پس اللہ اس کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔

☆ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (التوبہ۹:۱۲۹)
میرے لیے اللہ کافی ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اسی پر میں بھروسا کرتا ہوں اور وہ بڑے عرش والا بادشاہ ہے۔

☆ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ (المومن۴۰:۴۴)
میں اپنے معاملات اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک وہ بندوں کے احوال کو دیکھ رہا ہے۔

کفایت

☆ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ (الزمر۳۹:۳۶) کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟

☆ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْھِمْ بِمَاشِئْتَ ط اے اللہ! تو ان کے مقابلے میں میرے لیے جس طرح تو چاہے کافی ہو جا۔

☆ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ (البقرہ۲:۱۳۷) ان کے مقابلے میں اللہ تیرے لیے کافی ہے۔

شکر

☆ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ (النمل۲۷:۱۹) اے میرے ربّ! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکرادا کروں جو تو نے مجھے دی ہے اور جو نعمت میرے والدین کو دی تھی اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تجھے پسند ہو اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل کر لے۔

خاص دعائیں

صبر

☆ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ (الاعراف۷:۱۲۶) اے ہمارے ربّ! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں موت آئے تو اس حال میں کہ ہم تیرے فرمانبردار ہوں۔

☆ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ (البقرہ۲:۲۵۰) اے ہمارے ربّ! ہم پر صبر کا فیضان کر ہمارے قدم جما دے اور کافروں کی قوم پر ہمیں فتح نصیب کر۔

☆ رَبِّ اجْعَلِ التَّوْفِيْقَ رَفِيْقَنَا وَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ طَرِيْقَنَا ط

اے میرے ربّ! تیری توفیق ہمارا ساتھ دے اور سیدھا راستہ ہمارا طریقہ بنا دے۔

☆ وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ (البقرہ۲:۱۲۸)

اور ہماری توبہ قبول فرما۔ بے شک تو توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

☆ أَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠١﴾ (یوسف۱۲:۱۰۱)

تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے۔ میرا خاتمہ اسلام پر کر اور انجام کار مجھے صالحین کے ساتھ ملا دے۔

☆ رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْر

اے ربّ! ہمارے اس کام کو آسان بنا اور اسے مشکل نہ بنا اور انجام کار اس کا اچھائی ہو۔

پردہ پوشی

☆ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا (ابوسعید خدریؓ/احمد)

اے اللہ! ہمارے عیبوں کو ڈھانپ لے اور گھبراہٹوں سے امن دے۔

اللہ کی محبت

☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَ مَالِیْ وَاَهْلِیْ وَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ. (ابوالدرداءؓ/ترمذی)

اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں اور اس شخص کی محبت مانگتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے، اور اس عمل کی محبت جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔ اے اللہ! اپنی محبت میرے لیے میری اپنی جان، مال، اہل و عیال اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنا دے۔

☆ اَللّٰهُمَّ يَاوَدُوْدُ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ حَبِيْبِكَ وَحُبَّ مَنْ

اے محبت کرنے والے اللہ میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، تیرے حبیب حضرت محمد ﷺ

يُّحِبُّکَ وَحُبَّ مَنْ يُّقَرِّبُنِیْ اِلَيْکَ ط — کی محبت اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت کرے اور اس کی محبت مانگتا ہوں جو مجھے تیرے قریب کر دے۔

علم میں اضافہ

☆ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝ (طٰہٰ ۲۰: ۲۵۔۲۸) — پروردگار! میرا سینہ کھول دے اور میرے کام کو میرے لیے آسان بنا دے اور میری زبان کی گرہ سلجھا دے تا کہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔

☆ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝ (طٰہٰ ۲۰: ۱۱۴) — اے میرے پروردگار! مجھے مزید علم عطا کر۔

☆ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ (البقرہ ۲: ۳۲) — فرشتوں نے عرض کیا، نقص سے پاک تو آپ کی ذات ہے۔ ہم تو بس اتنا ہی علم رکھتے ہیں جتنا آپ نے ہم کو دے دیا ہے۔ حقیقت میں سب کچھ جاننے اور سمجھنے والا آپ کے سوا کوئی نہیں۔

☆ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ الْـمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط (حاوی الارواح/ حافظ ابن قیمؒ) — اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی مالک ہے اور حق کو واضح کرنے والا ہے۔

نیک اولاد

☆ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ (الفرقان ۲۵: ۷۴) — اے ہمارے ربّ! ہمیں اپنی بیویوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔

☆ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۰۰) — اے میرے پروردگار! مجھے نیک اولاد عطا فرما۔

اس دعا کو وظیفہ بنالیا جائے تو اٹھرا کے مرض کا علاج بھی کیا جا سکتا ہے۔ نرینہ اولاد سے محروم جوڑے اگر کثرت سے پڑھیں تو اللہ تعالیٰ فضل فرما دیتا ہے۔ بے اولاد لوگوں کو بھی اولاد مل جاتی ہے۔ اگر کوئی نیک اولاد نصیب میں نہ ہو تو بڑھاپے میں کوئی نہ کوئی نیک سہارا مل جاتا ہے۔

رزق کی کشادگی

☆ خیرات فی سبیل اللہ کو معمول بنائیں۔

☆ روزانہ مغرب کی نماز کے بعد سورۃ الواقعہ کی تلاوت کریں۔

☆ دوکان کھولتے وقت یا گھر سے نکلتے وقت درج ذیل دعا پڑھیں۔

☆ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ. میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ ہی پر بھروسا کرتا ہوں۔

☆ ہر کھانے کے بعد مندرجہ ذیل دعائیں ضرور پڑھیں۔

☆ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ — تمام شکر یے اس اللہ کے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان اُمت میں پیدا کیا۔

(ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ/ترمذی)

☆ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَا رَزَقْتَنَا — اے اللہ! ہمیں اس رزق میں برکت دے جو تو نے عطا کیا ہے۔

☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِزْقًا حَسَنًا طَیِّبًا وَاسِعًا مُبَارَكًا فِیْهِ — اے اللہ میں تجھ سے اچھے پاکیزہ، وسیع اور برکت والے رزق کا سوال کرتا ہوں۔

☆ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (القصص ۲۸:۲۴) — پروردگار! جو خیر بھی تو مجھ پر نازل کر دے میں اس کا محتاج ہوں۔

☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ (الحدیث) — اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل اور رحمت کی استدعا کرتا ہوں۔

☆اَللّٰهُمَّ يَابَاسِطُ يَارَزَّاقُ يَامُغْنِىُ اِكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ

اے اللہ تو کشادگی دینے والا، رزق دینے والا، اور خوشحالی دینے والا ہے، میرے لیے اپنے حلال کو کافی بنادے اور حرام سے بچا اور اپنے فضل سے اپنے سوا ہر ایک سے بے نیاز کردے۔

امداد طلب کرنا

☆ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

(آل عمران۳: ۲۶-۲۷)

کہو، اے اللہ! ملک کے مالک! تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے، جسے چاہے عزت بخشے اور جسے چاہے ذلیل کردے۔ بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تُو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دِن کو رات میں۔ جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے اور بے جان میں سے جاندار کو۔ اور جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دے دیتا ہے۔

☆ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

(یوسف۱۲: ۱۸)

جو بات تم بنا رہے ہو اس میں اللہ ہی سے مدد مانگی جاسکتی ہے۔

درمیان میں وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَان.......... ۱۱ دفعہ، شروع اور آخر میں ایک ایک دفعہ پوری آیت پڑھیں۔ اگر زیادہ پڑھنا چاہیں تو مفید ہے۔

☆ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۳۰﴾ اے میرے ربّ! اس فسادی قوم کے مقابلے میں میری مدد فرما۔ (العنکبوت ۲۹:۳۰)

☆ اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ اَشْکُو ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّۃَ حِیْلَتِیْ وَھَوَانِیْ عَلَی النَّاسِ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ

اے اللہ! میں تجھ سے اپنی قوت کی کمزوری اور اپنے وسائل کی کمی اور لوگوں کی تحقیر کی شکایت کرتا ہوں۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے! تو کمزوروں کا رب ہے۔ (رحمۃ للعالمین)

☆ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ ؕ اے حاجتیں پوری کرنے والے!

☆ وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُھَا جَامِدَۃً وَّھِیَ ۔۔۔۔ سامنے جو پہاڑ تجھے نظر آتے ہیں تو انہیں بے حس وحرکت خیال کرتا ہے۔۔۔۔۔۔ (النمل ۲۷:۸۸)

دشمن پر فتح حاصل کرنے کے لیے یہ خاص وظیفہ ہے۔ پوری آیت کے نتائج کچھ اور ہوتے ہیں اور آدھی آیت کے نتائج بالکل مختلف ہوتے ہیں۔ اگر آیت کے دونوں حصوں کا الگ الگ وظیفہ کیا جائے تو ایک تیسری نوعیت کے نتائج سے سابقہ پیش آتا ہے۔ جن بزرگوں نے مجھے یہ وظیفہ بتایا تھا انہوں نے پوری آیت پڑھنے کی اجازت نہیں دی۔ دشمن کو زیر کرنے کے لیے آدھی آیت ہی کافی ہے۔ اس آیت کے اس حصے کا مفہوم یہ ہے کہ ہمارا دشمن بے دست و پا ہو جائے اور پہاڑ کی طرح جامد ہو کر ہمارا نقصان نہ کر سکے۔ (صحیح علم اللہ کے پاس ہے)

☆ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ (اے اللہ!) تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو ہر عیب سے پاک ہے۔ بے شک میں ہی ظالموں میں سے ہوں۔ (الانبیاء ۲۱:۸۷)

درج بالا آیت لاکھوں کے حساب سے پڑھنے کے بعد اللہ کی مدد مل جاتی ہے۔

☆ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ؕ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ اے زندہ اور ہمیشہ رہنے والے اللہ! میں تیری رحمت کی استدعا کرتا ہوں۔ ایک لمحہ بھر کے

طَرۡفَةَ عَيۡنٍ ط وَاَصۡلِحۡ لِیۡ شَأۡنِیۡ كُلَّهٗ

لیے بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا اور میری ہر حالت کی اصلاح کرنا۔

☆ رَبَّنَا افۡتَحۡ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَ قَوۡمِنَا بِالۡحَقِّ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الۡفٰتِحِيۡنَ ۝ (الاعراف ۷:۸۹)

اے اللہ! ہماری قوم اور ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے اور تو بہترین فیصلہ فرمانے والا ہے۔

☆ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (البقرہ ۲:۲۰۱)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس دنیا میں بھی بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

ہدایت

☆ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۝ (الفاتحہ ۱:٦)

ہمیں سیدھی راہ دکھا۔

☆ رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ۝ (آل عمران ۳:۸)

اے ہمارے پروردگار! جب تو ہمیں سیدھے رستہ پر لگا چکا ہے تو پھر کہیں ہمارے دلوں کو کجی میں مبتلا نہ کر دیجیو۔ ہمیں اپنے خزانۂ فیض سے رحمت عطا کر کہ تو ہی فیاض حقیقی ہے۔

☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡهُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ وَالۡغِنٰی وَالتَّوۡفِيۡقَ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرۡضٰی

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی، بے نیازی اور ہر اس کام کی توفیق کا سوال کرتا ہوں جو تجھے پسند ہو اور جس سے تو خوش ہو جائے۔

☆ اَللّٰهُمَّ اهۡدِ قَوۡمِیۡ فَاِنَّهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ

اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے، یہ ایک جاہل قوم ہے۔

گم شدہ اشیا کی تلاش

☆ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ؁ (البقرہ۲:۱۵۶) ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

امراض کا علاج

☆ بِسْمِ اللّٰهِ شَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ كَافِيْ اللہ کے نام سے جو شفا دیتا ہے اللہ کے نام سے جو کافی ہے۔

☆ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (ابان رضی اللہ عنہ بن عثمان/ ابوداؤد) اُس اللہ کے نام سے کہ جس کے نام کی برکت سے زمین اور آسمان کی کوئی چیز بھی نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے اور جاننے والا ہے۔

☆ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ شَافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآئُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا . (ام المؤمنین عائشہؓ /متفق علیہ) اے لوگوں کے پروردگار اس تکلیف کو دور کر دے اور شفا عطا کر کہ تو ہی شفا دینے والا ہے۔ ایسی شفا عطا کر کہ جو اپنے پیچھے کوئی نقص نہ چھوڑے۔

☆ (رَبِّ) اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ؁ (الانبیاء۲۱:۸۳) (اے اللہ) میں تکلیف میں مبتلا ہوں اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔

☆ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ؁ (الشعراء۲۶:۸۰) اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔

☆ يَاشَافِيَ الْاَمْرَاضِ اے بیماریوں سے شفا دینے والے!

☆ نماز فجر کی سنتوں اور فرائض کے درمیانی وقفہ میں ۴۱ دفعہ سورۃ الفاتحہ پڑھیں اور پانی دم کر کے مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ اکثر امراض کو فائدہ پہنچ جائے گا۔

☆ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْکَ مِنْ کُلِّ شَيْئٍ يُؤْذِيْکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَيْنِ حَاسِدٍ. اَللّٰهُ يَشْفِيْکَ — میں تمہیں اللہ کا نام لے کر دم کرتا ہوں ہر اس چیز کے خلاف جو تجھے تکلیف دے اور ہر شخص کے شر اور حاسد کی نظر بد سے۔ اللہ تمہیں شفا دے۔

☆ وَيُشْفٰی سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا. — ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے اذن سے شفا عطا کی جائے۔

نظر بد

☆ اُعِيْذُکَ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ کُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ. — میں اللہ کے کلماتِ تامّہ کے ساتھ تمہیں ہر شیطان اور ہر ڈنگ مارنے والی چیز کے شر سے اور ہر نظر بد کے شر سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔

جنات سے پناہ کے لیے

☆ سورۃ البقرہ کا آخری رکوع کثرت سے پڑھیں اور مریض کو بار بار پڑھ کر دم کرتے جائیں۔

☆ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ — اور دعا کرو کہ اے میرے پروردگار! میں شیاطین کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ بلکہ اے میرے ربّ! میں تو اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (المومنون۲۳: ۹۷-۹۸)

☆ باوضو رہیں اور پاکیزگیٔ افکار اور طہارتِ جسم ولباس کا خاص خیال رکھیں۔

☆ برے لوگوں اور گندے خیالات والے افراد سے میل جول کم کریں۔

جادو سے پناہ کے لیے

☆ رات باوضو سوئیں۔

☆ چاروں قل شریف پڑھ کر اپنے پورے جسم کو دم کرلیں کہ یہ سنت رسول اللہ ﷺ ہے۔

☆ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے جسم کو دم کرلیں اور چار پائی اور گھر کا حصار بنالیں۔

☆ یہ تمام پڑھ کر بچوں کے جسم پر بھی دم کر دیں۔

☆ اگر کوئی تعویذ یا کوئی مشکوک چیز ملے تو اسے بہتے پانی کی نہر میں، دریا میں یا صاف پانی کی نالی میں گرا دیں۔ مٹی یا اینٹ کی کنکریاں بہت نقصان دہ ہوتی ہیں ان کو بھی چن کر پانی میں پھینک دیں۔

☆ کوئی جادو سے متعلق خواب نظر آئے تو اسے راز میں رکھیں اور کسی اہل علم وتقویٰ سے مشورہ کریں۔

☆ سورۃ البقرہ مکمل ۴۱ دفعہ پڑھ کر خود کو، گھر کے افراد اور سارے گھر کو دم کرلیں اور اگر مناسب ہو تو گھر، دوکان اور صحن کو اچھی طرح دھوئیں۔ موٹر سائیکل اور کار وغیرہ کو بھی دھولینا مفید ہے۔

☆ اگر کسی کپڑے پر خون کے چھینٹے پڑے نظر آئیں تو چاروں قل شریف پڑھ کر تازہ پانی سے کپڑا دھولیں۔

☆ جادو کے دفاع کے لیے کسی جاہل شخص یا معلوم جادوگر کے پاس نہ جائیں کہ یہ لوگ مالی فوائد حاصل کرنے کے لیے اُلٹ پلٹ بھی کر دیتے ہیں۔ کسی قابل اعتماد آدمی سے مشورہ کرنا چاہیے۔

☆ قبرستان میں جا کر زیارت قبور کے جہاں اور بہت سے فوائد ہیں وہاں جادو سے بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

☆ خیرات اور صدقہ کرنے سے بھی جادو سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

☆ اہل ذکر پر جادو کم اثر کرتا ہے۔ اگر کوئی تکلیف آ بھی جائے تو اس کا علاج جلدی ہو جاتا ہے۔ جس طرح انسان بیمار ہوسکتا ہے اسی طرح نیک لوگوں پر جادو کا اثر بھی ہوسکتا ہے۔ ذکر سے غفلت

شیطان کو حملہ کرنے کا موقع دے دیتی ہے۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ (یونس ۱۰:۸۱) اللہ یقیناً اسے مٹا دے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ فساد برپا کرنے والوں کے عمل کو سنوارتا نہیں۔

☆ وَاَلْقِ مَا فِیْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ (طٰہٰ ۲۰:۶۹) پھینک جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے، ابھی ان کی ساری بناوٹی چیزوں کو نگلے جاتا ہے۔ یہ جو کچھ بنا کر لائے ہیں یہ تو جادوگر کا فریب ہے اور جادوگر کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا خواہ کسی شان سے آئے

☆ مذکورہ بالا آیت مبارکہ ہر روز نماز عشا کے بعد ۲۱ دفعہ خود پڑھیں اور اپنے آپ کو دم کریں اور اگر کوئی سحر زدہ شخص مل جائے تو اسے بھی ۲۱ دفعہ پڑھ کر دم کردیں۔ البتہ جتنی کثرت سے آپ خود پڑھیں گے اسی نسبت سے اس کے دم میں تاثیر ہوگی۔ ۲۱ دفعہ ایک کم از کم حد ہے کثرت کی کوئی حد نہیں۔

لاوارث کے لیے

☆ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ (۸۹۔الانبیاء۔۲۱) اے میرے ربّ تو مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو تمام وارثوں سے بہتر وارث ہے۔

☆ اگر کوئی مجبور انسان یہ آیت کریمہ بار بار پڑھے اور اسے وظیفہ ہی بنالے تو اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے کو صحت مند بنا دیتا ہے اور رشتہ داروں یا شاگردوں میں سے کوئی ایسا رحم دل انسان بھیج دیتا ہے جو بیماری اور بڑھاپے میں اچھا خدمت گار ثابت ہوتا ہے اور زندگی کے آخری لمحات میں وہ تنہا نہیں ہوتا۔

دعائے استخارہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ اَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَ یَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْهِ وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ . (مشکوٰۃ۔۱۲۴۷)

اے اللہ میں تجھ سے بھلائی طلب کرتا ہوں۔ تیرے علم کی مدد سے اور قوت طلب کرتا ہوں تیری قدرت سے اور چاہتا ہوں تجھ سے تیرا فضل عظیم تو ہر چیز پر قادر ہے اور میں کسی چیز پر بھی قدرت نہیں رکھتا تو ہر چیز کا جاننے والا ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو غیب جاننے والا ہے۔ اے اللہ تیرے علم میں وہ کام جو میں کرنا چاہتا ہوں میرے لیے بہتر ہے دین میں، معاش میں یا انجام کار کے اعتبار سے تو تُو مجھے اس پر قدرت دے اور میرے لیے آسانی فرما اور پھر اس میں برکت دے اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے برا ہے میرے دین، معاش یا انجام کار کے اعتبار سے تو میری توجہ اس سے پھیر دے۔ اور اس کا خیال میرے دل سے دور کر دے اور میرے لیے بہتری کا انتظام کر جہاں کہیں وہ ہو پھر مجھ کو اس سے راضی کر۔

اس کے بعد گیارہ دفعہ پڑھیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ.

کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر وہ اللہ جو بادشاہ ہے، حق ہے اور مبین ہے۔

اس کے بعد درود ابراہیمی پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ جس موضوع پر بھی استخارے کی نیت کی جائے گی، حسب حال خواب نظر آ جائے گا۔ اگر کوئی خواب سمجھ نہ آئے تو اہل علم حضرات

سے مشورہ کر لینا چاہیے۔ خواب ضرور نظر آتا ہے لیکن صبح اٹھ کر محسوس ہوتا ہے کہ خواب نظر نہیں آیا یا آیا ہے تو سمجھ سے بالاتر ہے۔ دوسرے دن دوبارہ استخارہ کریں۔ بعض اوقات **اعوذ باللہ** کی تسبیح بھی ساتھ کرنا پڑتی ہے۔ لباس، بستر اور جسم کی پاکیزگی کا خاص خیال رکھیں اور وضو کی حفاظت کریں۔ بعض خواب واضح ہوتے ہیں کسی تعبیر یا مشورے کی حاجت نہیں رہتی لیکن بعض خواب سمجھ سے بالاتر ہوتے ہیں اور تعبیر کرنا پڑتی ہے۔ کسی اہل علم سے مشورہ کریں یا کتاب سے تعبیر دیکھ لیں۔

خود استخارہ نہ کر سکیں تو کسی نیک عورت یا مرد سے استخارہ کروایا جا سکتا ہے۔ استخارہ کی اور بھی بہت سی دعائیں معروف ہیں لیکن میرے تجربے میں یہ مذکورہ بالا حدیث کی دعا آئی ہے اس لیے میں اسی کا مشورہ دیتا ہوں۔

رَبِّ اجْعَلِ التَّوْفِيْقَ رَفِيْقَنَا وَالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ طَرِيْقَنَا . وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ط اَنْتَ وَلِيُّنَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنَا مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

.... **تَمَّتْ بِالْخَيْرِ** ....